# باب 15
# بازار سے گھر تک

## رات میں دن

میرا نام ویشالی ہے۔ میرے والد ایک سبزی فروش ہیں۔ میرا پورا خاندان امّاں، بھیّا، چھوٹو اور میں ان کے کام میں ان کی مدد کرتے ہیں۔ کیا آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ہم اپنا کام کس وقت شروع کرتے ہیں؟ صبح 3 بجے جب زیادہ تر لوگ گہری نیند سو رہے ہوتے ہیں، ہم اپنا کام شروع کرتے ہیں۔ ہمارے دن کا کام تب شروع ہوتا ہے جب بابو جی، اماں، بھیا اور میں گذشتہ دن کی سبزیاں بوروں اور ٹوکروں میں سے باہر نکالتے ہیں۔ منڈی سے تازہ سبزیاں لانے کے لیے ہم یہ تیاری کرتے ہیں۔ کبھی کبھی چھوٹو بھی ہماری مدد کرتا ہے۔

جیسے ہی ہم یہ کام ختم کرکے تھوڑی چائے پی رہے ہوتے ہیں، ہمیں ٹیمپو کے بھونپو کی آواز سنائی دیتی ہے۔ یہ اشارہ ہے کہ بابو جی، بھیّا، چاچو اور محلے کے کچھ لوگوں کے لیے منڈی روانہ ہونے کا وقت ہو گیا ہے۔

کیا تمھارے گھر میں سے کسی کو بہت جلدی صبح اٹھنا پڑتا ہے؟ وہ کس وقت اٹھتے ہیں؟ ان کو اتنی جلدی جاگنے کی ضرورت کیوں پڑتی ہے؟

## دن کی تیاریاں

جب تک بابو جی گئے ہوئے ہوتے ہیں، امّاں، میں اور چھوٹو گذشتہ روز کی سبزیاں بوروں میں رکھتے ہیں اور اس پر کچھ پانی چھڑکتے ہیں۔ 6:30 تک بابو جی منڈی سے ٹوکریاں اور تھیلے تازہ سبزیوں سے بھر کر واپس آ جاتے ہیں۔ اس وقت ہمارا گھر ایک چھوٹا سا سبزی بازار لگتا ہے! یہاں ہر طرف، بیگن، آلو، ٹماٹر، بھنڈی، لوکی، توری، گھیا، مرچ اور بہت سی سبزیاں نظر آتی ہیں۔ سبزیوں کو چھانٹنے میں سب مدد کرتے ہیں۔ وہ سبزیاں جو پوری طرح پکی نہیں ہوتیں اور بیچنے کے لائق ہوتی ہیں، الگ ایک طرف رکھی جاتی ہیں۔ ہمیں سبزیوں کو تیزی سے چھانٹنا ہوتا ہے تاکہ بازار جلد سے جلد پہنچا جا سکے۔

**برائے استاد:** بچوں کے ساتھ سبزی منڈی کی اہمیت پر تبادلۂ خیال کیجیے۔

سات بجے تک بابو جی تمام سبزیاں ہاتھ سے چلانے والے ٹھیلے پر سجا لیتے ہیں اور بازار کے لیے روانہ ہو جاتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر وہ دیر پہنچے تو ان کے روزانہ کے گاہک اپنی سبزیاں کسی اور سے خرید لیں گے۔ جیسے ہی بابو جی جاتے ہیں، میں فوراً ہی تیار ہو جاتی ہوں کیونکہ مجھے صبح 7:30 بجے تک اسکول پہنچنا ہوتا ہے۔

## بازار میں

چھوٹو دوپہر میں اسکول جاتا ہے۔ وہ کچھ دیر آرام کرتا ہے اور اس کے بعد بابو جی اور بھیا کے لیے کھانا لے کر بازار چلا جاتا ہے۔ وہ ان کے ساتھ سبزیوں کے ٹھیلے کے پاس رہتا ہے، جب تک کہ اس کے اسکول جانے کا وقت نہیں ہو جاتا۔ کبھی کبھی وہ اسکول کے بعد بابو جی کی مدد کرنے چلا جاتا ہے۔ بابو جی کوشش کرتے ہیں کہ پچھلے دن کی سبزیاں پہلے فروخت ہو جائیں۔

## آئیے گفتگو کریں

- بابو جی گذشتہ روز کی سبزیاں پہلے فروخت کرتے ہیں۔تم کیا سوچتے ہو وہ ایسا کیوں کرتے ہیں؟
- کیا تم نے سوکھی ہوئی یا خراب سبزیاں دیکھی ہیں؟ کہاں؟
- تم نے کیسے جانا کہ سبزیاں خراب تھیں؟

جیسے ہی گذشتہ روز کی سبزیاں بک جاتی ہیں، بھیا تھیلوں میں سے تازہ سبزیاں نکالتے ہیں اور ان کو ٹھیلے پر رکھ دیتے ہیں۔ وہ سبزیوں پر پانی بھی چھڑکتے رہتے ہیں تا کہ وہ سوکھ نہ جائیں خاص طور سے گرمیوں کے موسم میں۔ بابو جی اور بھیّا بہت لمبے دن کے اختتام پر 10 بجے رات تک گھر واپس آتے ہیں۔اس وقت تک چھوٹو اور میں سو جاتے ہیں۔اور باقی سب لوگ 11 یا ساڑھے 11 بجے تک رات میں سوتے ہیں۔ دوسرے دن صبح کو تین بجے یعنی صرف چار گھنٹے بعد ہمارا خاندان دوبارہ جاگ اٹھتا ہے۔ایک اور دن کی شروعات ہوتی ہے!

- مندرجہ ذیل گھڑیوں کو دیکھو۔لکھو کہ جو وقت گھڑی دکھا رہی ہے تم اس وقت کیا کرتے ہو اور ویشالی کیا کرتی ہے؟

| رات | صبح | صبح |
|---|---|---|
| ویشالی ______ | ویشالی ______ | ویشالی ______ |
| تم ______ | تم ______ | تم ______ |

- تمھارے گھر کے لیے سبزیاں کہاں سے آتی ہیں؟ کون لاتا ہے سبزیاں؟

______

______

## سبزیوں کے ساتھ کچھ تفریح

اگلی بار جب تمھارے گھر بھنڈی آئے تو ان کو غور سے دیکھو۔ کیا سب ایک ہی سائز کی ہیں؟

- سب سے لمبی اور سب سے چھوٹی تلاش کرو۔ ان کا ناپ لو۔
- کیا ساری بھنڈیاں ایک جیسی موٹائی اور رنگ کی ہیں۔ دو بھنڈی کو لمبائی میں کاٹو۔ کیا دونوں میں بیجوں کی تعداد یکساں ہے؟ ان کی تصویر اپنی کاپی میں بناؤ۔
- سیما کی والدہ کچھ پھل اور سبزیاں بازار سے لائی ہیں۔ کیا تم ان کو نیچے دی گئی تصویر میں تلاش کر سکتے ہو؟ ان میں رنگ بھرو اور ان کے نام اپنی کاپی میں لکھو۔

## معلوم کرو۔

سبزیوں اور پھلوں کی مندرجہ ذیل فہرست میں سے یہ بتاؤ کہ کون سی سبزیاں ان میں سے جلدی خراب ہو جاتی ہیں اور کون کون سی کچھ دن تک رہ سکتی ہیں؟ صحیح خانوں میں ان کے نام لکھو۔ فہرست میں تم اور ناموں کا اضافہ بھی کر سکتے ہو۔

پالک　　آلو　　کیلا　　ٹماٹر　　ناشپاتی

چیکو　　اناناس　　لوکی　　پیاز　　بند گوبھی / پتہ گوبھی

کھیرا　　انگور　　ادرک

| پھل اور سبزیاں جو جلد خراب ہو جاتی ہیں۔ | پھل اور سبزیاں جو جلد خراب ہو جاتی ہیں۔ |
|---|---|
| | |



ان میں سے بعض پھل اور سبزیاں چھونے پر چکنی محسوس ہوتی ہیں جب کہ کچھ کھردری۔ مندرجہ بالا فہرست میں سے ناموں کو صحیح خانوں میں لکھو۔

| چکنی | کھردری |
|---|---|
| | |

- کون سی سبزی تم کو اٹھانے میں سب سے زیادہ وزنی محسوس ہوتی ہے؟ اس کا نام لکھو اور اس کی تصویر اپنی کاپی میں بناؤ۔
- وہ کون سی سب سے ہلکی/ ہلکا سبزی یا پھل ہے جو تم کھا چکے ہو؟
- تین ایسی سبزیوں کے نام لکھو جن میں بیج نہیں ہوتے۔

______________ ______________ ______________

مندرجہ ذیل ٹیبل کو پُر کرو۔ تم تین اور ناموں کا اضافہ کر سکتے ہو اور خانوں میں بھر سکتے ہو۔

| پھل یا سبزی | رنگ | لمبائی | وزن | قیمت |
|---|---|---|---|---|
| سیب | | | ( کلو) | |
| کیلا | | | (درجن) | |
| آلو | | | ( کلو) | |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |

- اپنے علاقے میں کسی سبزی فروش سے گفتگو کرو۔ مندرجہ ذیل سوالات پوچھو اور کاپی میں ایک مختصر سی رپورٹ لکھو۔
  - سبزی والے یا سبزی والی کا نام کیا ہے؟
  - اس کے گھر میں کتنے افراد ہیں؟ گھر میں کتنے بچے ہیں؟
  - اس کے بچوں کے کیا نام ہیں؟ ان کی عمریں کیا کیا ہیں؟
  - کون سبزیاں فروخت کرنے کے کام میں مدد کرتا ہے؟

- کون کون سبزی کے ٹھیلے یا دکان پر بیٹھتا ہے؟
- وہ کیا کیا سبزیاں فروخت کرتے ہیں؟
- کس وقت سے وہ کام کی شروعات کرتے ہیں؟
- ایک دن میں وہ کتنے گھنٹے کام کرتے ہیں؟
- کوئی تین سبزیوں کے بارے میں دریافت کرو جو وہ فروخت کرتے ہیں۔

| | سبزی 1 | سبزی 2 | سبزی 3 |
|---|---|---|---|
| سبزی کا نام | | | |
| سبزی کی قیمت | | | |
| کہاں سے آتی ہے؟ | | | |
| ایک وقت میں وہ کتنی سبزی خریدتے ہیں؟ | | | |
| عام طور پر یہ سبزی کس مہینے میں آتی ہے؟ | | | |